ویمنز ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ: پی سی بی بلاسٹرز نے پی سی بی ڈائنامائٹس کو شکست دے دی

کراچی،9جنوری 2020ء:

سہ فریقی قومی ویمنز ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں پی سی بی بلاسٹرز نے پی سی بی ڈائنامائٹس کو 25 رنز سے شکست دے دی۔ میچ میں آلراؤنڈ کارکردگی دکھانے پر عالیہ ریاض کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری قومی ویمنز ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں پی سی بی بلاسٹرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر 144 رنز بنائے۔ اوپنر جویریہ خان نے 32 گیندوں پر 8 چوکوں کی مدد سے 42 رنز کی اننگز کھیلی۔ انہوں نے عائشہ نسیم کے ہمراہ 70 رنز کی ابتدائی شراکت قائم کی، جس کے بعد آلراؤنڈر عالیہ ریاض کے 27 رنز کی بدولت پی سی بی بلاسٹرز کی میچ میں پوزیشن مزید مستحکم ہوگئی۔ پی سی بی ڈائنامائٹس کی جانب سے نشرہ سندھو اور کائنات امتیاز نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

جواب میں پی سی بی ڈائنامائٹس کی ٹیم مطلوبہ بیس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر محض 119 رنز ہی بناسکی۔ پی سی بی ڈائنامائٹس کی جانب سےاوپنرناہید ہ خان اور ارم جاوید 35،35 رنز بناکرنمایاں رہیں۔ پی سی بی بلاسٹرز کی جانب سے عالیہ ریاض اور انعم امین نے 2،2 جبکہ نتالیہ پرویز، رامین شمیم اور ماہم طارق نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

شیڈول:

9 جنوری بروزجمعرات: پی سی بی بلاسٹرز بمقابلہ پی سی بی ڈائنا مائٹس، بوقت دوپہر 12 بجے، میچ ریفری: احمر سعید، آن فیلڈ امپائرز: خالد محمود سینئر اور نذیر بٹ
10 جنوری بروزجمعہ: پی سی بی بلاسٹرز بمقابلہ پی سی بی چیلنجرز، بوقت دوپہر 12 بجے، میچ ریفری: علی گوہر، آن فیلڈ امپائرز: امتیاز اقبال اور سلیمہ امتیاز

11 جنوری بروزہفتہ: پی سی بی ڈائنا مائٹس بمقابلہ پی سی بی چیلنجرز، بوقت دوپہر 12بجےمیچ ریفری: اطہر لائق، آن فیلڈ امپائرز: آلے حیدر اور عبدالقیوم
12 جنوری بروزاتوار: پی سی بی ڈائنا مائٹس بمقابلہ پی سی بی بلاسٹرز، بوقت دوپہر 12 بجے، میچ ریفری: امیر الدین انصاری، آن فیلڈ امپائرز: شمیم انصاری اور شکیل احمد
13 جنوری بروزپیر: پی سی بی چیلنجرز بمقابلہ پی سی بی بلاسٹرز، بوقت دوپہر 12 بجے،میچ ریفری: علیم موسیٰ، آن فیلڈ امپائرز: طاہر رشید اور عزیزالرحمٰن
14 جنوری بروزمنگل: پی سی بی چیلنجرز بمقابلہ پی سی بی ڈائنا مائٹس، بوقت دوپہر 12 بجے،میچ ریفری: محمد جاوید، آن فیلڈ امپائرز: عمران جاوید اور نزہت سلطانہ
16 جنوری بروز جمعرات: فائنل، بوقت شام 7 بجے، میچ ریفری: افتخار احمد، آن فیلڈ امپائرز: خالد محمود سینئر اور امتیاز ا قبال

اسکواڈز:

پی سی بی بلاسٹرز:

رامین شمیم (کپتان)،عالیہ ریاض، انعم امین، عائشہ نسیم، حرینہ سجاد، جویریہ خان، جویریہ رؤف، ماہم طارق، نتالیہ پرویز، نیہاشرمین، نورین یعقوب، صدف شمس، سدرہ نواز اور طوبہٰ حسن۔

ٹیم آفیشلز:

وقار اورکزئی (کوچ)، شاکر قیوم(اسسٹنٹ کوچ)، ملائکہ منصور(منیجر) اور رفعت اصغر گل (فزیوتھراپسٹ)۔

پی سی بی چیلنجرز:

بسمہ معروف (کپتان)،ایمن انور، عروب شاہ، عائشہ ظفر، فاطمہ ثناء، حفصہ خالد، منیبہ علی، نجیہ علوی، ندا ڈار، صبا ء نذیر،سعدیہ اقبال، وحیدہ اختر، حفصہ امجد اور خدیجہ چشتی۔

ٹیم آفیشلز:

عامر اقبال(کوچ)، شاہد محمود(اسسٹنٹ کوچ)، عائشہ جلیل (منیجر) اور صائمہ ملک(فزیوتھراپسٹ)۔

پی سی بی ڈائناماٹئس:

ناہیدہ خان (کپتان)،ڈیانا بیگ، فریحہ محمود، غلام فاطمہ، ارم جاوید، کائنات حفیظ، کائنات امتیاز، لبنا بہرام، معصومہ جعفری، نشرہ سندھو،عمیمہ سہیل، ثناء میر، سدرہ امین اور اِم ہانی۔

ٹیم آفیشلز:

کامران حسین(کوچ)، علی نیازی(اسسٹنٹ کوچ)، رابیل خالد(منیجر) اور ساجدہ فجر(فزیوتھراپسٹ)۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk